© rasailojaraid.com



"دنیا" کے بجائے ضمیر مونث "Her" ہونا چاہئے۔ یہ تو وہ غلطیاں ہیں جو کتاب کا مطالعہ کرتے وقت سرسری طور پر نظر میں آگئیں ورنہ غالب یہ ہے کہ اس نوع کی اور بھی غلطیاں ہوں گی۔ امید ہے کہ کتاب کے دوسرے ایڈیشن میں ان کی اصلاح کردی جائیگی۔

**احساس کمتری** | از شیر محمد اختر صاحب تقطیع خورد ضخامت ۵۴ صفحات۔ کتابت وطباعت اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ۸ ؍ پتہ مکتبۂ اردو لاہور۔

اس میں شبہ نہیں کہ احساس کمتری یا جذبۂ مرعوبیت کو بچوں کے مستقبل کی تعمیر و تخریب میں بہت بڑا دخل ہے۔ جو بچے کسی ناسازگار ماحول میں ترتیب پانے کی وجہ سے شروع میں ہی اس کا شکار ہوجاتے ہیں وہ جوان ہوکر بھی کارزار حیات میں نبرد آزما ہونے کی استعداد کھو بیٹھتے ہیں اور چونکہ آج کل کے ماں باپ عموماً اس کے اسباب سے واقف نہیں ہوتے اس لئے انھیں اس کی خبر بھی نہیں ہوتی کہ ان کی اولاد کس طرح احساس کمتری کے مرض میں مبتلا ہوکر اپنی بہترین صلاحیتوں کو برباد کر رہی ہے۔ لائق مصنف نے اسی ضرورت کے پیش نظر انگریزی زبان کی چند کتابوں سے جو "نفسیات اطفال" اور عام فطرت انسانی کے موضوع پر لکھی گئی ہیں۔ مدلل کر اس مختصر سی کتاب کو اردو میں مرتب کیا ہے جس میں احساس فروتری کی چھوٹی بڑی خصوصیات۔ اس کے پیدا ہونے کے اسباب و بواعث اور پھر اس کے علاج پر مفید بحث کی گئی ہے کتاب موضوع کے اعتبار سے لائق مطالعہ اور انداز بیان کی حیثیت سے دلچسپ اور عام فہم ہے۔

**سنہ ۱۹۴۲ء کی منتخب نظمیں** | تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت ۱۲؍ شائع کردہ مکتبۂ اردو لاہور۔

اس مجموعہ میں سنہ ۱۹۴۲ء کی ان نظموں کا انتخاب ہے جو مختلف رسالوں میں شائع ہوچکی ہیں یہ نظمیں گنتی میں ۲۷ ہیں اور اس میں شبہ نہیں کہ جیسا کہ جناب مرتب نے اپنے دیباچہ میں لکھا ہے ان نظموں کو پڑھ کر ان جدید رجحانات و شاعرانہ احساسات کا بیک وقت اندازہ ہوجاتا ہے جو مختلف اندرونی اور بیرونی



© rasailojaraid.com